موضوع - 12

# Our rural life ہماری دیہی زندگی

## Objectives مقاصد

1۔ گاؤں کی زمینوں کی تقسیم اور ذرائع کو معلوم کرنا

2۔ گاؤں میں ملازمتوں کی صورت حال کو معلوم کرنا

## Background پس منظر

گاؤں میں زیادہ تر لوگ چھوٹے چھوٹے کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ جیسے گھریلو صنعتیں، زراعت، مویشی پالن، مچھلیاں پکڑنا، وغیرہ ان کی ایک بڑی تعداد بے زمین ہوتی ہے۔ اس لیے یہ لوگ مزدور کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔ اور یومیہ اجرت پاتے ہیں بنیادی سہولیات جیسے محفوظ پینے کا پانی، طبی سہولیات، تعلیم، ذرائع حمل ونقل، وغیرہ آسانی سے دستیاب نہیں ہوتے۔

## Methodology طریقہ کار



یہ ایک گروپ پراجکٹ ہے۔ طلبہ گاؤں میں رہنے والوں کے بارے میں ان کا ڈاٹا حسب ذیل سوالات کی بنیاد پر جمع کریں۔

## Questionnaire سوالنامہ

1۔ زمینات کے تصرف کے متعلق ڈاٹا گاؤں کی پنچایت، ریونیو یا بلاک ڈیولپمنٹ آفسر کی مدد سے جمع کریں۔

2۔ گاؤں میں ذرائع حمل ونقل کے لیے کتنی سڑکیں ہیں اور کتنی قابل استعمال ہیں۔

3۔ گاؤں میں عام طور پر لوگ کن پیشوں سے منسلک ہیں۔

4۔ گاؤں میں کتنے فلاحی اسکیمات کام کر رہی ہیں۔ اور معلوم کیجیے کہ کیا گاؤں والے ان اسکیمات سے واقف بھی ہیں۔





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

5۔ گاؤں میں کیا ایسا کوئی آدمی ہے جو ان اسکیمات سے مستفید بھی ہو رہا ہے۔

6۔ گاؤں میں کوئی ہیلتھ سنٹر، ڈاکٹر یا اسکول دستیاب ہے؟

7۔ کیا ہیلتھ سنٹر میں کوئی ڈاکٹر موجود ہے؟

8۔ حسب ذیل جدول کا استعمال کرتے ہوئے منتخبہ گاؤں میں سہولیات مہیا ہیں یا نہیں ایک فہرست تیار کیجیے

| سلسلہ نشان | سہولیات جو گاؤں میں دستیاب ہیں | سہولیات جو گاؤں میں دستیاب نہیں ہیں |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## استدالی خلاصہ Conclusion

طلبہ کے مختلف گروپ کی جمع کردہ معلومات کی بنیاد پر گاؤں کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کیجیے۔

دیہات میں زراعت اور مویشی پالن کے کام ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں۔ پالتو جانور جیسے مرغیاں، بھینس، گائے، بکریاں، بلیاں اور کتے ان کی کافی مدد کرتے ہیں۔ سوچیے کہ ان کے گھروں میں اجناس میں کیڑے وغیرہ کیوں نہیں پائے جاتے جہاں مرغیاں ہوتی ہیں۔ زراعت اور مویشیوں کے پالنے کے علاوہ گاؤں کے لوگ اپنے فرصت کے اوقات میں پتر ولیوں کی تیاری میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ اس طرح انسانوں اور جانوروں میں ایک عمدہ تعلق گاؤں میں دیکھنے میں آتا ہے۔ مرغیوں سے انڈے اور گھر کے پچھواڑے میں اگائی جانے والی ترکاریاں ان کی مالی ضرورتوں کی تکمیل کرتے ہیں۔

## مزید کاروائی Follow-up

1۔ اپنی رپورٹ کو تیار کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کیجیے۔ یا بولٹین بورڈ پر چسپاں کیجیے۔ گاؤں کا ایک جغرافیائی نقشہ بنایئے۔

2۔ گاؤں کا جغرافیائی نقشہ اتاریئے جو سڑکوں اور دیگر ترقیاتی کاموں کی نشاندہی کرتا ہے؟